## نوازشریف اورشہبازشریف کونااہل قراردیاجاناعدالت کافیصلہ ہےلہٰذاصدرآصف زرداری کواس کامورِدالزام ٹھہرانادرست نہیں۔الطاف حسین

## نوازشریف نےصدرزرداری اورعدلیہ کے بارے میں جوزبان استعمال کی ہےاس پرمجھےانتہائی افسوس ہے

## نوازشریف صاحب نے پولیس، بیوروکریسی اوردیگرسرکاری اداروں کوسول نافرمانی کا جودرس دیا ہے وہ ملک کی سلامتی ،یکجہتی ،استحکام اورجمہوری اصولوں کےقطعی خلاف ہے

## نوازشریف سے دردمندانہ اپیل کرتاہوں کہ وہ ایسی زبان اورالفاظ استعمال نہ کریں جس سےسول نافرمانی کی بوآتی ہو

## ملک جن خطرات میں گھراہواہےاسکےپیش نظرملک کسی بھی قسم کی محاذآرائی اورتصادم کی سیاست کامتحمل نہیں ہوسکتا

## پنجاب کی نمائندگی کے دعویدار باقی صوبوں کےعوام کی امنگوں کو بالائے طاق رکھ کرفیصلے کریں گے یااس کی تبلیغ کریں گےتو یہ ملک کی سلامتی کیلئے ہرگز ہرگز بہتر نہ ہوگا

## نوازشریف اپنے دورِحکومت میں ایم کیوایم کےخلاف فوجی آپریشن اورسندھ میں گورنرراج نافذکرنے کےاقدام پربھی ذراغورکریں

لندن۔۔۔27 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے سپریم کورٹ کی جانب سےمسلم لیگ ن کے سربراہ نوازشریف اورسابق وزیراعلیٰ پنجاب شہبازشریف کونااہل قراردیئے جانے کے فیصلے پرتبصرہ کرتے ہوئے کہاہے کہ یہ صدرآصف علی زرداری کانہیں بلکہ عدالت عظمیٰ کا فیصلہ ہےلہٰذاصدرآصف زرداری کواس کامورِدالزام ٹھہرانادرست نہیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ جب نوازشریف صاحب موجودہ سپریم کورٹ کوسرے سے مانتے ہی نہیں اوراسےجعلی عدلیہ قراردیتے ہیں اوراس میں خودپیش نہیں ہوتے تو پھرانہیں اپنے تجویزاورتائیدکنندہ کے وکلاءکوبھی عدالت میں دلائل دینے سے منع کردیناچاہیے تھالیکن سپریم کورٹ کے ججوں کونااہل،جعلی اورغدارکہناعدلیہ کی کھلی توہین ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ نااہلی کے عدالتی فیصلے کے بعدنوازشریف صاحب نے صدرآصف علی زرداری اورعدلیہ کے بارے میں جوزبان استعمال کی ہےاس پرمجھےانتہائی افسوس ہے۔انہوں نے کہاکہ صدرمملکت سے کتناہی اختلاف کیوں نہ ہولیکن انکےخلاف نازیبااورغیرمہذبانہ الفاظ استعمال کرناکسی اصول کےتحت بھی مناسب نہیں ہے۔انہوں نے کہاکہ نوازشریف صاحب سپریم کورٹ کے فیصلے کےخلاف نظرثانی کی اپیل کیلئے عدالت سے رجوع کرسکتے ہیں لیکن اس فیصلے کی بنیاد پرصدرمملکت کوتنقیدکانشانہ بنانادرست نہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ نوازشریف صاحب نے گزشتہ روز اپنے خطاب میں پولیس، بیوروکریسی اوردیگرسرکاری اداروں کوسول نافرمانی کا جودرس دیاہےوہ ملک کی سلامتی ،یکجہتی ،استحکام اورجمہوری اصولوں کےقطعی خلاف ہے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ میں نوازشریف صاحب سے دردمندانہ اپیل کرتاہوں کہ وہ ایسی زبان اورالفاظ استعمال نہ کریں جس سےسول نافرمانی کی بوآتی ہو۔انہوں نے کہاکہ نوازشریف صاحب تصادم اورمحاذآرائی کی سیاست اورسول نافرمانی کی تحریک چلانے کے بجائے مسائل کےحل کیلئے قانونی اورآئینی راستہ اختیارکریں اوراپنے دورِحکومت میں 72 بڑی مچھلیوں کی آڑمیں ایم کیوایم کے خلاف فوجی آپریشن کرنے اور1998ءمیں سندھ میں گورنرراج نافذکرنے کےاقدام پربھی ذراغورکریں۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایم کیوایم نوازشریف صاحب سے پرزوراپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے خلاف ہونے والے عدالتی فیصلے کے بارے میں آئین وقانون کاسہارالیں اورملک جس اندرونی وبیرونی خطرات سے دوچارہےاس میں خدارا ذاتی انا، پسنداورناپسندکی بنیادپرفیصلے نہ کریں۔انہوں نے کہاکہ احتجاج کرنانوازشریف کا جمہوری حق ہےاوروہ آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن احتجاج کے راستے کواختیارکریں تاکہ ملک دشمن عناصر ملک کودرپیش خوفناک ترین صورتحال سے فائدہ نہ اٹھاسکیں ۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ ملک جن خطرات اورمشکلات میں گھراہواہےاسکےپیش نظرملک کسی بھی قسم کی محاذآرائی اورتصادم کی سیاست کامتحمل نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہاکہ اگرصوبہ پنجاب کی نمائندگی کے دعویدار باقی صوبوں کےعوام کی امنگوں کو بالائے طاق رکھ کرفیصلے کریں گے یااس کی تبلیغ کریں گےتو یہ ملک کی سلامتی کیلئے ہرگز ہرگز بہتر نہ ہوگا۔

## اے آر وائی ون ورلڈ کی وین پر حملہ آزادی صحافت پر کھلا حملہ ہے، رابطہ کمیٹی

## راولپنڈی میں شرپسند عناصر کی پرتشدد کارروائیاں نواز شریف کی تقریر کا شاخسانہ ہے

## اے آئی آر ون ورلڈ کی ڈی ایس این جی وین پر حملہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے

لندن۔۔ 27 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے راولپنڈی میں مسلم لیگ ن کے کارکنان کی جانب سے اے آر وائی ون ورلڈ کی ڈی ایس این جی کی وین پر حملہ اور سرکاری و نجی املاک کی توڑ پھوڑ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے آر وائی ون ورلڈ کی وین پر حملہ آزادی صحافت پر کھلا حملہ ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیاسی شخصیات پر حملہ کے بعد مسلم لیگ (ن) کے کارکنان کی شرانگیز کارروائیوں کا دائرہ مزید بڑھ گیا ہے اور اب شرپسند عناصر کے حملوں سے صحافی برادری بھی عدم تحفظ کا شکار ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں کو ان کی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں سے روکنا اور انہیں تشدد کا نشانہ بنانا آزادی صحافت پر کھلا حملہ ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آزادی صحافت کے بلند و بانگ دعوے کرنے والوں کی جانب سے میڈیا کو تشدد کا نشانہ بنانے کے عمل سے ثابت ہوگیا ہے کہ وہ آزادی صحافت پر ہرگز یقین نہیں رکھتے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ راولپنڈی میں شرپسند عناصر کی پرتشدد کارروائیاں، مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف کی اس تقریر کا شاخسانہ ہے جس میں انہوں نے اپنے کارکنان کو سول نافرمانی کی ہدایت کی تھی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پرامن احتجاج کرنا ہر سیاسی جماعت اور شہری کا آئینی و قانونی حق ہے لیکن مسلم لیگ (ن) کے کارکنان جس طرح احتجاج کی آڑ میں توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ اور پرتشدد کارروائیاں کررہے ہیں اور میڈیا کے نمائندوں کو بھی نشانہ بنارہے ہیں وہ کھلی دہشت گردی ہے اور کوئی بھی حکومت دہشت گردی کے عمل کو کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کرسکتی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ راولپنڈی میں اے آئی آر ون ورلڈ کی ڈی ایس این جی وین پر حملہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے اے آر وائی ون ورلڈ کی انتظامیہ، عملے اور نمائندوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

## ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے 22 واں سالانہ کنونشن آج عزیز آباد میں منعقد ہوگا

## سالانہ کنونشن کے اجتماع سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## لیبر ڈویژن کے ذمہ داران و کارکنان اجتماع میں بھرپور شرکت کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔ 27 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کا 22 واں سالانہ کنونشن کل بروز ہفتہ کو عزیز آباد میں منعقد کیا جائے گا۔ اجتماع سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فون پر خصوصی خطاب کریں گے۔ لیبر ڈویژن کے سالانہ کنونشن کے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اجتماع منعقد کیا جائے گا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب نمائندے اور لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے ارکان کے علاوہ مختلف سرکاری، نیم سرکاری اور نجی اداروں سے تعلق رکھنے والے لیبر ڈویژن کے کارکنان اور ہمدرد محنت کش شرکت کریں گے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے تمام ذمہ داران اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ لیبر ڈویژن کے سالانہ کنونشن کے اجتماع میں بھرپور شرکت کریں اور وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھیں۔

## ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن اویس شمشیر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔27، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن اویس شمشیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن اویس شمشیر انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔27 فروری 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن اویس شمشیر انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 42 سال تھی اور وہ دل کے عارضے میں مبتلا تھے ۔ گزشتہ روز انہیں دل کا دورہ پڑا جس کے باعث انہیں فوری طور پر اسپتال لیجایا گیا تاہم وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور انتقال کر گئے ۔مرحوم کے سوگواران میں والدہ ،بیوہ، 2 بیٹیاں، 2 بھائی اور 2 بہن شامل ہیں ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اویس شمشیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی سے سنی تحریک کے وفد کی ملاقات

## رابطہ کمیٹی کو 12، ربیع الاول کے سلسلے میں منعقد ہونے والی کانفرنس میں شرکت کی دعوت

کراچی ۔۔۔27 رفروری 2009ء ۔۔۔سنی تحریک کے مرکزی علماء بورڈ کے تین رکنی وفد نے کنوینر قاری خلیل الرحمٰن کی سربراہی میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور وسیم آفتاب سے ملاقات کی ۔وفد میں علامہ خضر اسلام قادری نقشبندی کے علاوہ محمد سلیم نور اور مبین قادری شامل تھے ۔ملاقات میں ۱۲ ربیع اول کے سلسلے میں مختلف امور پر بات چیت کی گئی ۔وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے سید شعیب احمد بخاری اور وسیم آفتاب نے انہیں 12، ربیع الاول کی مبارکباد پیش کی اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ بھر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارے کے فروغ اور شہر میں قیام امن کیلئے عملی کوشاں ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی روشنی میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کے اتحاد کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے ۔سنی تحریک وفد نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی کوششوں کی تعریف کی اور رابطہ کمیٹی کو ۱۲ ربیعِ اول کے سلسلے میں منعقد ہونے والی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی جسے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے قبول کرتے ہوئے اپنی شرکت کی یقین دہائی کرائی ۔

## معروف شاعر نقاش کاظمی کے بھائی سید صفی اللہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔27 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے معروف شاعر نقاش کاظمی کے بھائی سید صفی اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی مظاہر امیر کی دادی محترمہ مقصودی بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔27 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی مظاہر امیر کی دادی محترمہ مقصودی بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی کے فنڈز سے لاڑکانہ کی یوسی گیریلو کے 9 گوٹھوں میں سوئی گیس کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح

## گوٹھوں میں سوئی گیس کی فراہمی کے منصوبہ پر سوا چھ کروڑ روپے کی لاگت آئے گی

## ایم کیوایم، سیاست برائے خدمت کے تحت عوام کی عملی خدمت کر رہی ہے، ڈاکٹر محمد علی بروہی

لاڑکانہ۔۔۔27، فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کے فنڈز سے لاڑکانہ کی یوسی گیریلو کے 9 گوٹھوں کیلئے سوا چھ کروڑ کی لاگت سے سوئی گیس کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح کر دیا گیا ہے۔ اس منصوبہ کی تکمیل سے گوٹھ مکی بروہی، گوٹھ علی باغ، گوٹھ خدا بخش بروہی، گوٹھ محمد علی، گوٹھ رئیس اور گوٹھ چھراب سندیلو سمیت دیگر گوٹھ کے مکین استفادہ کر سکیں گے۔ اس سلسلے میں گوٹھ مکی بروہی میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجا، ایم کیوایم لاڑکانہ زون کے انچارج آفتاب سومرو اور گوٹھوں کے مکینوں اور معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سندھ بھر کے گاؤں گوٹھوں کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی چاہتی ہے اور سیاست برائے خدمت کے تحت عوام کی عملی خدمت کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاڑکانہ کی یوسی گیریلو کے 9 گوٹھوں میں سوئی گیس کی فراہمی کا منصوبہ ایم کیوایم کی عوامی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد عوام کو بااختیار بنانا ہے اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے اور حق پرست نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر لاڑکانہ کی یوسی گیریلو کے عوام اور معززین نے حق پرست قیادت کی جانب سے گوٹھوں میں سوئی کی گیس فراہمی کے منصوبے کے افتتاح پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجا نے لاڑکانہ میں مندروں کی مرمت کیلئے 45 لاکھ روپے کی گرانٹ کا اعلان کر دیا

## درہم شالا لاڑکانہ میں منعقدہ تقریب میں ہندو برادری کے غریب عوام میں 5 ہزار کے امدادی چیک تقسیم کئے

لاڑکانہ۔۔۔27، فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجا نے لاڑکانہ میں مندروں کی مرمت کیلئے 45 لاکھ روپے کی گرانٹ دینے کا اعلان کیا اور درہم شالا لاڑکانہ میں ہندو برادری کے غریب افراد میں پانچ پانچ ہزار کے روپے کے امدادی چیک تقسیم کئے۔ اس سلسلے میں درہم شالا لاڑکانہ میں تقریب منعقد کی گئی جس میں ہندو پنچایت کے سنتوش کمار، مانک رائے، نوا رائے اور دیوان منوہر لعل و دیگر معززین بھی شریک تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم لاڑکانہ زونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ ہرگن داس آہوجا نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ ملک بھر کے عوام بالخصوص مذہبی اقلیتوں کے دلوں میں گھر کر چکا ہے اور ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح ایم کیوایم نے مذہبی اقلیتوں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی اس کی مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی بقاء و سلامتی اور جمہوریت کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے اور ایم کیوایم کی جدوجہد میں مذہبی اقلیتیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کی سازش کامیاب نہیں ہونے دے گی، کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔27 فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام گزشتہ روز گڈاپ سیکٹر کے سونگل یونٹ A اور یونٹ B کارکنان کی تربیتی نشستوں کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تربیتی نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین عزیز الرحمان اور گل محمد مینگل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سندھ اور بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کرتے رہے وہ آج سچ ثابت ہو رہے ہیں اور مذہبی انتہاء پسندوں نے کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش شروع کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کی سازش کو سندھ اور اس کے دارالخلافہ کراچی میں کامیاب نہیں ہونے دے گی اور طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کا لال قلعہ گراؤنڈ کا دورہ/کنونشن کی تیاریوں کا جائزہ لیا

کراچی ۔۔۔ 27رفروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین انیس قائم خانی، اشفاق منگی، شاہد لطیف اور ڈاکٹر نصرت نے جمعے کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد کا دورہ کیا۔اس موقع پرحق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے مرکزی کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے 22ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ سالانہ کنونشن کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور وہاں پر موجود ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے کارکنان سے تیاریوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔واضح رہے کہ یوم تاسیس کے سلسلے میں تیاریاں آخری مرحلے میں داخل ہوچکی ہیں جہاں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے سینکڑوں کارکنان یوم تاسیس کے سلسلے میں ہونے والے کنونشن کو کامیاب بنانے کیلئے مختلف فرائض انجام دے رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆